مولانا محمد اسلام حقانی
رکن موتمر المصنفین



تعارف وتبصرہ کتب

● **اشاعت خاص محبوب المشائخ نمبر** بیاد شیخ یحیٰ مدنیؒ (ماہنامہ سلوک واحسان کراچی)

مرتب: مولانا محمد یوسف مدنی ضخامت: ۵۶۴ صفحات ناشر: جامعہ معہد الخلیل الاسلامی بہادر آباد کراچی

مولانا یحییٰ مدنی نوراللہ مرقدہ علمی حلقوں میں محتاج تعارف نہیں، شیخ الحدیث مولانا زکریا کاندھلویؒ سے تعلق قلبی اورنسبت روحانی رکھتے تھے، احسان وسلوک، تدریس وتبلیغ سے وابستگی ان کی خصوصیات میں شامل ہیں۔زیر نظر مجموعہ خصوصی نمبر ''محبوب المشائخ'' بیاد مولانا یحییٰ مدنیؒ، ان کے احوال، خودنوشت، نقوش و تاثرات، ملفوظات وارشادات معمولات اورسلاسل تصوف کے حالات پر مشتمل ہیں۔جسمیں اکابر علماء کے تحریرات شامل کرکے مولانا یحییٰ مدنی کوخراج عقیدت پیش کیا گیاہے۔یہ مجموعہ ماہنامہ ''سلوک واحسان'' کراچی کا اشاعت خاص ہے، جس کا سہرا مولانا محمد یوسف مدنی کے سر سجتا ہے۔ یقیناً مولانا یحییٰ مدنیؒ کے سوانح و حالات ،علمی خدمات پر یہ گلدستہ ایک انسائیکلوپیڈیا کی حیثیت رکھتا ہے۔اللہ تعالیٰ تمام لکھنے والوں کو اجرعطا فرمائے اورمولانا یحییٰ مدنی کے رفع درجات کا ذریعہ اوروسیلہ بنادے اورناشرین کومزید علمی خدمات کی توفیق سے نوازے۔

● **اشاعت خاص: نوائے امت لاہور**...... بیاد: حضرت مولانا مفتی حمید اللہ جانؒ

مرتب: مولانا محمد زاہد اقبال ضخامت: ۳۳۶ صفحات ناشر: تحریک نفاذ اسلام پاکستان 03014441805

سب کومعلوم ہے کہ دنیا فانی ہے، آخرختم ہی ہو جانا ہے۔ بلاشبہ دنیا میں بڑے بڑے امراء اس دارفانی میں مقررہ اوقات گزار کر رخصت ہو گئے مگر کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو اس دار فانی میں تشریف لائے ہے۔جن کا وجوداہل زمین کیلئے باعث راحت و رحمت ہوتاہے، انکی ساری زندگی بندگی خدا سے منسلک ہوتی ہےاور جنکے اخلاق وکردار امت مسلمہ کیلئے مشعل راہ ہوتا ہے۔ایسے ہی گروہ، و جماعت کا ایک عظیم ستارہ، استاد الحدیث و بانی جامعۃ الحمید مفتی حمید اللہ جان مرحوم بھی تھے جوکئی ماہ کی طویل علالت کے بعد ۱۰، اکتوبر بروز اتوار ۲۰۱۶ءکوایسے آبائی علاقے لکی مروت میں اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔فقیہ العصر نوراللہ مرقدہ کی وفات کے بعد حضرتؒ والا پر مجلّہ ''نوائے امت'' لاہور کے ارباب ادارت نے خصوصی اشاعت کا اہتمام کیا، جسمیں مشہور اہم علم و دانش نے حضرت والا کی زندگی پرتحریرات پیش کی ہے اوربعض علماء نے بیانات کی جو بعد میں مرتب ہوئی توان تحریرات وتقریریات سے ایک مجموعہ تیار ہوا جوحضرتؒ پر مکمل ایک سوانحی عمری کی حیثیت رکھتا ہے۔حضرت کی حالات، زندگی اورعلمی خدمات کا ایک بہترین اعتراف اوراہل علم کیلئے ایک انمول تحفہ ہے۔